سوال نمبر 7276

منجانب:۔ محترم خوشدل خان ایڈوکیٹ صاحب، رکن صوبائی اسمبلی، صوبہ خیبر پختونخواہ۔

نمبر شمار	سوال	جواب
(الف)	کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ آیا یہ درست ہے کہ کرونا ایمرجنسی میں لیڈی ریڈنگ ہسپتال کو حکومت کی طرف سے فنڈز جاری کی گئی ہے؟	جی نہیں
(ب)	اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو کل کتنا فنڈز جاری کیا گیا ہے اس میں سے اب تک کتنا اور کہاں کہاں خرچ ہوا تفصیل بمعہ تحریری دستاویزات فراہم کی جائے۔	اس سلسلے میں عرض ہے کہ صوبائی حکومت کی جانب سے ایل آر ایچ کو کورونا ایمرجنسی کیلئے کوئی فنڈ فراہم نہیں کیا گیا نیز ایل آر ایچ کو زیادہ تر پی پی ای کیٹس اور دیگر سامان مختلف این جی اوز دیگر پرائیویٹ اداروں اور لوگوں کی جانب سے عطیے کے طور پر ملا ہے جبکہ حکومت نے بھی ضرورت کے مطابق ضروری آلات اور سامان مہیاء کیے ہیں نیز ایل آر ایچ کو کورونا کیلئے کوئی فنڈ نہیں دیا گیا ہے۔